19-08-2024 MONDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ریاستی وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی نے وضاحت کی ہے کہ جن کسانوں کے قرضے کسی وجہ سے معاف نہیں کئے جا سکے ان کے قرضے جلد معاف کئے جائیں گے۔

۲۔ بی آر ایس نے سکریٹریٹ کے روبرو سابق وزیر اعظم راجیو گاندھی کے مجسمہ کی تنصیب کے ریاستی حکومت کے فیصلہ پر تنقید کی ہے۔

۳۔ مرکزی وزیر ایل مروگن نے کہا ہے کہ وزارتِ اطلاعات ونشریات کے تمام میڈیا یونٹس کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کو مرکزی حکومت کی اسکیموں سے واقف کرائیں۔

اور

۴۔ ریاست بھر میں آج رکھشا بندھن تہوار جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا۔

☆☆☆

سری لنکا کے وزیر برائے تجارت و ماحولیات ایس وی والاندرن نے آج حیدر آباد میں بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ سے ملاقات کی۔ یہ ایک خیر سگالی ملاقات تھی۔ اس ملاقات کے دوران سری لنکا کے وزیر نے بتایا کہ انہوں نے سری لنکا کی پارلیمنٹ میں کہا تھا کہ 2014ء میں ریاستِ تلنگانہ کی تشکیل کے بعد اِس ریاست نے صرف 10 سال میں غیر معمولی ترقی کی۔ بی آر ایس کے بیان کے مطابق والاندرن نے تلنگانہ کو سرمایہ کاری کے لئے ایک اہم مرکز بنانے میں انفورمشن تکنالوجی اور صنعتوں کے وزیر کی حیثیت سے کے ٹی راما راؤ کی کوششوں کی ستائش کی۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ نے آئی ٹی، مینوفیکچرنگ اور فارما کے شعبوں میں قابل لحاظ ترقی کی ہے۔اس موقع پر کے ٹی راما راؤ نے گزشتہ 10 سال کے دوران تلنگانہ کی ترقی کا تذکرہ کیا۔ اِس موقع پر بی آر ایس کے ایم پی وی روی چندرا اور دیگر قائدین موجود تھے۔

☆☆☆

پنچایت راج اور خواتین و بچوں کی بہبود کی وزیر انا سویا سیتا اَکا نے کہا ہے کہ راکھی کا تہوار بہنوں اور بھائیوں کے لئے محبت کی علامت ہے۔ انہوں نے میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے رکھشا بندھن کے موقع پر مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ یہ تہوار خواتین اور لڑکیوں کے عزت واحترام کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔ سیتا اَکا نے کہا کہ انہوں نے چیف منسٹر ریونت ریڈی کو رکھشا بندھن کی مبارکباد دی۔ سیتا اَکا اور دیگر خاتون قائدین نے چیف منسٹر کو راکھی باندھ کر انہیں مبارکباد پیش کی۔

☆☆☆

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے نرمل کی ضلع کلکٹر ا بھیلاشا ابھینو کو ہدایت دی ہے کہ وہ درگا نامی یتیم و بیسر لڑکی کی تعلیمی، طبی اور دیگر ضروریات کی تکمیل کو یقینی بنائیں۔ یہ 11 سالہ لڑکی اپنی والدہ کی خودکشی کے بعد بے سہارا ہوگئی ہے۔ چیف منسٹر نے اِس خبر کا نوٹ لیتے ہوئے ضلع کلکٹر کو ہدایت جاری کی۔ نرمل ضلع کے تانور منڈل کے بلٹا روڑا گاؤں میں درگا کی ماں میرا گنگامنی کل خودکشی کرلی۔ اپنی ماں کی آخری رسومات کے لئے یہ لڑکی لوگوں سے بھیک مانتی ہوئی دیکھی گئی۔ چیف منسٹر نے اس لڑکی کی حالت سے متاثر ہوکر عہدیداروں کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ درگا کو گروکل اسکول میں شریک کیا جائے گا۔ کلکٹر نے تیقن دیا کہ اِس لڑکی کی دیکھ بھال کی جائے گی۔

☆☆☆

مرکزی مملکتی وزیرداخلہ بنڈی سنجے کمار نے انتباہ دیا ہے کہ اگر طلبہ اور نوجوانوں کو جاریہ قومی واقعات اور حب الوطنی جیسے امور سے آگاہ نہیں کیا گیا تو ملک کے ٹوٹ جانے کا خطرہ ہوگا۔ انہوں نے طلبہ اور نوجوانوں پر زوردیا کہ وہ چوکس رہیں اور قومی مسائل کے بارے میں اپنی بیداری میں مسلسل اضافہ کریں۔ انہوں نے نوجوانوں سے یہ بھی کہا کہ وہ ملک کو تقسیم کرنے کی کوششیں کرنے والی طاقتوں سے چوکس رہیں۔ وہ آج منچریال ضلع کے چوکارام نگر میں سری وِدیارانیہ آواس ودیالیہ کی نئی عمارت کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد خطاب کررہے تھے۔ بنڈی سنجے کمار نے اِس اسکول کے سابقہ طلبہ کی تعریف کی جو ریاست میں پہلا شیشومندر تعمیر کرنے کے لئے آگے آئے ہیں۔ انہوں نے کارپوریٹ اسکولوں پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وہ کلچرل اور حب الوطنی کو نظرانداز کرتے ہوئے صرف تعلیم پر دھیان دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کئی والدین اِس غلط خیال میں مبتلا ہیں کہ زیادہ فیس بہتر تعلیم کی ضمانت ہے۔ وہ کلچر، تہذیب، ڈسپلن اور سماجی افکار کو اہمیت نہیں دے رہے ہیں۔

☆☆☆

آندھراپردیش کیڈر کے 1982ء بیچ کے آئی اے ایس عہدیدار ڈاکٹر نیما گڈا رمیش کمار نے آج حیدرآباد میں اڈمنسٹریٹیو اسٹاف کالج آف انڈیا کے نئے ڈائرکٹر جنرل کی حیثیت سے جائزہ حاصل کرلیا۔ رمیش کمار نے 34 سال تک سیول سرونٹ کی حیثیت سے خدمات انجام دی ہیں۔ وہ کئی عہدوں پر فائز رہے اور نمایاں خدمات انجام دیں۔ رمیش کمار تروملا تروپتی دیوستھانم کے جوائنٹ ایگزیکٹیو آفیسر اور بعد میں ایگزیکٹیو آفیسر کے عہدہ پر فائز رہے۔ ریٹائرمنٹ کے بعد انہوں نے آندھراپردیش کے ریاستی الیکشن کمشنر کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔

☆☆☆

رکھشا بندھن تہوار آج ریاست بھر میں روایتی جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا۔ یہ تہوار بھائی، بہن کے رشتہ کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔ تلنگانہ میں کانگریس امور کی انچارج دیپا داس منشی، کانگریس کی ایم ایل اے پرمیتا ریڈی، خواتین کے کمیشن کی صدرنشین ایم شاردھا اور دیگر خاتون قائدین نے چیف منسٹر ریونت ریڈی کو راکھی باندھی۔ بی آر ایس کے کارگذار صدر نے سوشیل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنی بہن کویتا کے ساتھ ایک پرانی تصویر پوسٹ کی اور کہا کہ وہ ہمیشہ اپنی بہن کے ساتھ کھڑے رہیں گے۔

☆☆☆

کانگریس کے سینئر لیڈر ابھیشیک منوسنگھوی آج تلنگانہ سے راجیہ سبھا کے لئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کئے۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی، ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ، اے آئی سی سی انچارج دیپا داس منشی اور کابینی وزرا کے ہمراہ انہوں نے ریٹرننگ آفیسر اوپیندر ریڈی کو اپنی نامزدگی پیش کی۔ کانگریس مقنّنہ پارٹی نے کل سنگھوی کی نامزدگی کی توثیق کی تھی۔

☆☆☆

بی آر ایس نے سکریٹریٹ کے روبرو سابق وزیراعظم راجیو گاندھی کے مجسمہ کی تنصیب کے ریاستی حکومت کے فیصلہ پر تنقید کی ہے۔ بی آر ایس نے کہا کہ یہ جگہ تلنگانہ تلی کے مجسمہ کے لئے مختص کی گئی تھی۔ بی آر ایس کے کارگذار کے ٹی راما راؤ نے کہا کہ بی آر ایس کے اقتدار پر آنے کے بعد راجیو گاندھی کے مجسمہ کو ہٹادیا جائے گا اور اس کی جگہ تلنگانہ تلی کا مجسمہ نصب کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ راجیو گاندھی انٹرنیشنل ایرپورٹ کا نام بھی تبدیل کرکے اسے تلنگانہ کی کسی ممتاز شخصیت سے موسوم کیا جائے گا۔ حیدرآباد میں میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا

کہ راجیو گاندھی کا مجسمہ نصب کرنے کا فیصلہ تلنگانہ تلی کی توہین ہے۔ انہوں نے کانگریس قائدین سے کہا کہ وہ اپنے فیصلہ پر نظر ثانی کریں۔ انہوں نے کہا کہ بی آر ایس نے اپنے 10 سال دورِ اقتدار میں راجو آروگیا شری، راجو راہداری، راجو گاندھی یونیورسٹی، راجو گاندھی اسٹیڈیم اور رراجو گاندھی انٹرنیشنل ایرپورٹ کے نام تبدیل نہیں کئے۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس پارٹی تلنگانہ کے عوام کے احساسات کو نظر انداز کر رہی ہے۔

☆☆☆

ریاستی وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی نے وضاحت کی ہے کہ جن کسانوں کے قرضے کسی وجہ سے معاف نہیں کئے جا سکے ان کے قرضے جلد معاف کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ جن کسانوں کے قرضے دو لاکھ روپے سے زیادہ ہیں، ان کے قرضے باقی رقم کی ادائیگی کے بعد معاف کئے جائیں گے۔ انہوں نے آج حیدرآباد میں ریاستی وزیر جو پلی کرشنا راؤ کے ساتھ ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایک لاکھ 20 ہزار کسانوں کے آدھار نمبر غلط پائے گئے جبکہ ایک لاکھ 61 ہزار کسانوں کے پاس بک نمبر اور آدھار کارڈ میل نہیں کھا رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ چار لاکھ 83 ہزار کھاتوں کی جانچ کرنی ہوگی کیونکہ ان کسانوں کے پاس راشن کارڈ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ 8 لاکھ کھاتوں میں دو لاکھ روپے سے زیادہ کے قرضے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام منڈل ہیڈ کوارٹرس پر شکایات کے ازالے کے لئے سنٹر قائم کئے گئے ہیں۔

☆☆☆

مرکزی وزیر ایل مروگن نے کہا ہے کہ وزارتِ اطلاعات ونشریات کے تمام میڈیا یونٹس کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کو مرکزی حکومت کی اسکیموں سے واقف کرائیں۔ انہوں نے تمام محکموں سے کہا کہ وہ فلاحی اسکیموں کے بارے میں معلومات کی فراہمی میں سرگرم رول ادا کریں۔ مرکزی وزیر نے آج چینائی میں میڈیا یونٹوں کی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔

☆☆☆

محکمہ اطلاعات وتعلقاتِ عامہ کے زیر اہتمام آج ورلڈ فوٹو ڈے تقاریب کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر بہترین فوٹو گرافرس کو ایوارڈس پیش کئے گئے۔ یہ تقریب آج گرین پارک ہوٹل میں منعقد کی گئی۔